تعارف کتب فقہ و فتاویٰ

فتاویٰ مہریہ

فتاویٰ مہریہ 'سید پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے کیئے گئے فقہی استفسارات کے جوابات پر مشتمل ایک مجموعہ ہے۔ پیر صاحب گزشتہ صدی کے ایک ثقہ عالم اور صوفی بزرگ ہیں' مرزائیت / قادیانیت کے خلاف اپنے علمی و عملی کارناموں کی بناء پر عالم اسلام آپ سے متعارف ہے۔ آپ کے حالاتِ زندگی کا ایک باب (انشاء اللہ) آئندہ شمارے میں شائع ہوگا۔ آپ کا مزار گولڑہ شریف (اسلام آباد) میں آج بھی مرجعِ خلائق ہے۔

زیرِ نظر مجموعۂ فتاویٰ باریک قلم کے ۱۵۲ صفحات پر محیط ہے اور اس میں درج فتاویٰ کی تعداد ۶۸ ہے۔ مرتب مفتی جامعہ غوثیہ گولڑہ شریف مولانا فیض احمد فیض ہیں۔

اس مجموعۂ فتاویٰ میں جن مسائل کو شامل کیا گیا ہے ان میں درج ذیل خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں :

- ★ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق بعض سوالات کے جواب۔
- ★ غیر مقلدین (وہابیہ) کے بعض اعتراضات کے جواب۔
- ★ مرزائی و بہائی فرقہ کے اعتراضات کے جواب۔
- ★ بیعت اور سماع سے متعلق بعض اعتراضات کے جواب۔
- ★ علم فقہ کے مآخذ پر گفتگو۔
- ★ روح کے بارے میں بعض سوالات کے جواب۔
- ★ غیر مسلم کے طعام کا شرعی حکم۔
- ★ موزوں (جرابوں) پر مسح کا حکم۔
- ★ دیہاتوں میں نمازِ جمعہ کا شرعی حکم۔
- ★ رویت ہلال کے بارے میں ایک وضاحت۔
- ★ مردوں کے لئے سونے کے زیورات کا حکم۔
- ★ کرنسی نوٹ کی خرید و فروخت کا مسئلہ۔
- ★ ایسی عورت کے نکاح کا مسئلہ جس کا شوہر لاپتہ ہو گیا ہو۔

★ ذبیحہ فوق العقدہ کا حکم۔
★ طاعون زدہ علاقے میں رہنے یا نکل جانے کا حکم۔
★ کانگریس کے بارے میں رائے۔
★ تحریکِ خلافت اور بیعت امامت پر گفتگو۔
★ مسلمانانِ ہند کے حکومتِ برطانیہ سے تعلقات کی تحقیق۔
★ نکاح و طلاق کے بعض مسائل۔
★ اہل تشیع کے چند سوالات کے جواب۔

فتاویٰ مہریہ کے مرتب مولانا فیض احمد فیض کے بقول "پیر سید مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے علوم ظاہرہ و باطنہ سے اتنا حظِ وافر عطا فرمایا تھا کہ بلاریب کمالاتِ علمیہ میں آپ باب مدینۃ العلم حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مظہر اتم نظر آتے تھے۔

فتاویٰ مہریہ میں پیر صاحب اپنی علمی جلالتِ شان کے ساتھ جلوہ گر ہیں۔ اگرچہ یہ مجموعہ آپ کے بیان کردہ تمام علمی مسائل و نکات کا احاطہ نہیں کرتا۔ تاہم قارئین اس سے بہت سے مسائل میں رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

فتاویٰ مہریہ کی طباعت لاہور میں ہوئی ہے اور مقام اشاعت گولڑہ شریف ہے، قیمت درج نہیں۔ مطالعہ کے خواہش مند بڑے علمی مکتبات سے یا براہِ راست جامعہ غوثیہ گولڑہ شریف اسلام آباد سے طلب کر سکتے ہیں۔ (ادارہ)

جہلم میں مجلہ فقہ اسلامی

جناب قاری محمد اجمل منصور صاحب سے حاصل کریں۔

دارالعلوم سلطانیہ ○ کالا دیو شریف ○ جہلم

ایبکو ٹیکنیکل ۔ ملتان

SKF AUTHORISED

بیرنگ کی دنیا میں جانا پہچانا نام

مجلّہ فقہ اسلامی کے دوش بدوش